
© rasailojaraid.com



ادارہ



# تعارف وتبصرہ کتب

مؤطا امام محمدؒ (مترجم) | مؤلف امام محمد بن حسن شیبانی۔ مترجم حافظ نذر احمد۔ ناشر: پاک مسلم اکادمی۔ الفضل مارکیٹ، اردو بازار۔ لاہور۔ سائز ۲۰×۳۰/۸ صفحات ۵۰۴۔ قیمت ۸۰ روپے

امام مالکؒ (م ۱۷۹ھ) بن انسؓ کی تصنیفات میں "مؤطا" کو سب سے زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی جو فقہی ضروریات کے لئے احادیث نبویؐ کا پہلا مرتب و مدوّن مجموعہ تھا۔ موطا، امام مالکؒ کی زندگی ہی میں پورے عالم اسلام میں مشہور ہو گیا تھا۔ زمانہ جس قدر گذرتا گیا اس کی شہرت میں اضافہ ہوتا رہا۔ اور اہل علم نے اس کی طرف زیادہ رجوع کیا۔ امام مالکؒ سے تقریباً ایک ہزار افراد نے مؤطا کی روایت کی ہے۔ مگر زمانے کے ہاتھوں بچ جانے والی روایتیں سولہ ہیں۔ دوسرے لفظوں میں اس کے سولہ ایڈیشن ملتے ہیں۔ ان میں سے چار روایتیں زیادہ اہم اور متداول ہیں۔ انہی میں سے ایک امام محمدؒ بن حسن شیبانی کی روایت (نسخہ) ہے۔

امام محمد کو تین سال تک امام مالکؒ کی خدمت میں رہنے کا شرف حاصل ہوا۔ انہوں نے اپنے نسخے میں بہت سے آثار و روایات اور مسائل امام مالک کے علاوہ دوسرے حضرات سے نقل کئے ہیں۔ اس لئے مجازاً اس نسخے کو امام محمدؒ ہی کی طرف منسوب کیا جانے لگا۔ مؤطا امام محمد بارہا زیور طبع سے آراستہ ہوئی۔ برصغیر میں غالباً پہلی بار ۱۲۶۲ھ میں شائع ہوئی تھی۔ اس وقت بھی کراچی اور لاہور کے مطبوعہ متن دستیاب ہیں۔ تاہم اردو دان حلقہ کے لئے اس کے سلیس اور رواں ترجمہ کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ جسے محترم حافظ نذر احمد صاحب نے زیر نظر ترجمہ کی صورت میں پورا کیا ہے۔

عربی متن اور اس کا اردو ترجمہ آمنے سامنے صفحات پر درج کیا گیا ہے۔ اس بات کا اہتمام برتا گیا ہے کہ متن کے ایک صفحہ کا ترجمہ بالمقابل صفحہ پر ہی آ جائے۔ تاکہ قاری کو بار بار اوراق الٹنے پلٹنے نہ پڑیں۔ آغاز میں امام محمدؒ کے حالات زندگی اور مؤطا کے مختصر تعارف کے ساتھ ۴۲۶ عنوانات کے تحت مفصل فہرست مضامین شامل کی گئی ہے جملہ احادیث کے نمبر لگا دیئے گئے ہیں۔ کل احادیث کتنی ہیں، ایک کتاب (جزو) میں کتنی ہیں اور ایک خاص موضوع پر کتنی۔ آخر میں مؤطا کے ۸۷ رواۃ کے حالات درج کئے گئے ہیں۔

مندرجہ بالا خصائص کی بنیاد پر کہا جا سکتا ہے کہ حسنِ ترتیب کے اعتبار سے زیر نظر اشاعت متداول اشاعتوں

۱۸۶

اور طریقہ سے بھی غلط ثابت ہوتا ہے۔ وہ یہ کہ اس قیاس کی وجہ سے اصل کا حکم بھی متغیر ہو لیا اور ایسا قیاس،



© rasailojaraid.com